# ملک میں دم توڑتی جمہوریت اور قانون کے تحفظ کے نعرے وئے ہوا

## مسجدوں، مدارس اسلامیہ، مزارات اور مسلم آبادی پر بلڈوزروں کی مار!



سہارنپور (احمد رضا) یہ بات جگ ظاہر ہے کہ ملک میں اچانک ایسی زہریلی ہوائیں چلنے لگی ہیں کہ جو صرف اور صرف مسلم آبادی کو نیست و نابود کرنے کا ہنر رکھتی ہیں چار سو مسجدیں مدارس مزارات اور مسلم دکانوں اور گھروں کو مسمار کیا جارہا ہے خبر کے مطابق بھاجپا سرکار کے دور اقتدار میں لاکھوں مسلم افراد کے گھر، مساجد مدارس اور مزارات پر بلڈوزر چلایا جاچکا ہے اب بلڈوزر کی رفتار مزید تیز ہوگئی ہے جس وجہ سے مسلم افراد کے لیئے سکون سے نماز ادا کرنا اور کاروبار کرنا مشکل تر ہوگیا ہے اتراکھنڈ، آسام بہار، بنگال، مہاراشٹرا، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور گجرات کے ساتھ ساتھ راجستھان میں زندگی گزارنا جان و مال کو موت کے منھ میں لیجانے کے برابر ہوگیا ہے مسلم آبادی پر اور مقدس مقامات پر بلڈوزر ایکشن اور قبضہ کرنے کی دردناک اور غیر آئینی وارداتیں سبھی جنگی جرائم کو بھی پیچھے چھوڑ چکی ہیں؟ سیاسی جماعتوں کے ذمہ دار مسلم طبقہ کی تباہی پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں شدت پسند ہندو افراد مٹھائیاں تقسیم کرنے میں سرگرم ہیں، ان دنوں ملک میں بھاجپا کے زیر انتظام علاقوں میں مسلم آبادی کے خلاف ظلم اور تشدد عروج پر ہے مساجد مدارس اور مزارات کو شہید کرنے کے بعد مسلم آبادی اور دین اسلام کا مزاق اڑایا جارہا ہے ہندو مرد وعورتیں اب جان بوجھ کر ریل گاڑی، بس، سڑک اور بازار میں حجاب پہننے خواتین اور ڈاڑھی ٹوپی پہنے لوگوں پر چھینٹا کشی اور گالی گلوچ کرنا فخر محسوس کرتے ہیں دہرادون کے بنجاراوالا میں 6 ہندو شدت پسند افراد نے ایک مسلم نوجوان کو روکا اسکا گلا دبا کر چار افراد نے لاتوں گھونسوں سے مارا پیٹا اور قابل اعتراض نعرے لگانے کو مجبور کیا، بہار کے سیون میں مسلم آئی ٹی طالب علم سہیل خان کو ہندو شدت پسند گروپ کے درجن بھر لوگوں نے بری طرح سے پیٹا اور ننگا کردیا اسکے علاوہ کل ہے جنتر منتر کے نزدیک نائیک دہشت پسند 55 سالہ ہندو عورت نے 50 سالہ مسلم بزرگ کو گندی گندی گالیاں بکتے ہوئے اس بزرگ کی ڈاڑھی پر حملہ کیا سیون میں اور جنتر منتر میں سیکڑوں افراد کے سامنے مسلم افراد کو نشانہ بنایا گیا نیز غازی آباد اور لاتور شہر میں چار مسلم افراد کو حراست میں لیا گیا اور انہیں بری طرح سے پیٹا گیا پولیس نے مسلم افراد کو ہی حراست میں لے لیا ہندو شدت پسند گنڈوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی ریلی بس اور ہندو علاقوں سے مسلم افراد کا گزرنا مشکل ہو گیا ہے حجاب پہننے لڑکی کا تنگ و پریشان کیا جاتا ہے ڈاڑھی ٹوپی پہنے مسلم طلبہ اور افراد کو گالیاں دی جاتی ہیں سبھی دردناک واقعات دیکھنے کے بعد بھی پولیس تماشائی بنی رہتی ہے، دارالعلوم دیوبند کے خلاف ہندو دہشت گردوں نے 2014 سے مورچہ کھولا ہوا ہے یہ خد کو بڑے بہادر تسلیم کررہے ہیں بھاجپا سرکار ایسے دہشت پسند لوگوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کررہی ہے اس لئے یہ دہشت گرد بابری مسجد پر قبضہ جمانے کے بعد ملک کے مدارس اسلامیہ اور مساجد و مزارات پر بھگوا جھنڈا لہرانے کی فراق میں ہیں پولیس کو آگے رکھتے ہوئے مسلم آبادی اور مقدس مقامات کو نیست و نابود کیا جارہا ہے پورا ملک ملک کے تیس کروڑ مسلم افراد کی بے بسی کا تماشہ دیکھ رہی ہے، بابری مسجد قضیہ کے وقت ہی 1991ء میں تحفظ عبادت گاہ قانون بن گیا تھا، جس کا خلاصہ تھا کہ 15/اگست 1947ء میں جس عمارت کی جو حیثیت عرفی تھی اور جو استعمال تھا، اس کو بدلا نہیں جاسکے گا، پہلے بابری مسجد عدالتی فیصلے کے نتیجے میں گئی، اس کے بعد گیان واپی مسجد، دھار مسجد، متھرا کی شاہی عیدگاہ، جامع مسجد سنبھل کا نمبر آیا، جامع مسجد سنبھل کے سروے کے حکم پر جو وہاں پولیس نے یک طرفہ کارروائی کی اور فرقہ پرستوں نے جو ننگا ناچ کیا، اس کی وجہ سے پانچ نوجوان شہید ہوگیے، حالات بے قابو ہوئے تو نیٹ بند کردیا گیا اور سنبھل کو پولیس چھاؤنی میں تبدیل کردیا گیا، آج بھی حالات وہاں کے ناگفتہ بہ ہیں، جامع مسجد سنبھل کا قضیہ 1878ء میں انگریز دور حکومت میں اٹھا تھا، چھیدا سنگھ نامی ایک ہندو نے جامع مسجد کے ذمہ دار محمد افضل پر مقدمہ کیا تھا، ہائی کورٹ نے اس مقدمہ کی سماعت کی تھی اور ہندو فریق کے دعویٰ کو یہ کہتے ہوئے خارج کردیا تھا، سر اسٹوراٹ چیف جسٹس نے اپنے فیصلے میں لکھا تھا کہ "اس پر کثیر شواہد ہیں کہ یہ عمارت طویل زمانہ سے بطور اسلامی مسجد کے استعمال کی جاری ہے یہ کہنا ناقابل توجیہ حد تک لغو ہے کہ بوقت ضرورت اسے ہندو بھی استعمال کرتے رہے ہیں اس لیے مع کلی اخراجات عدالت ہم اسے (ہندو فریق کے دعوے کو) خارج کرتے ہیں" ٹھیک اسی طرح سے بنگال، دھار، متھرا کاشی، راجستھان اور اب سہارنپور میں کلکٹریٹ واقع جامع مسجد بھی اسی فیصلے میں شمار ہوگئی ہے جو انگریز سرکاروں میں بھی مسلم عبادت گاہیں تھیں اور آج بھی ہیں مگر ہندو شدت پسند ان سبھی کو بلڈوزر چلانے پر بضد ہیں؟ اب آپ نظر دوڑائیں کہ اہل ایمان ان مخصوص نظیروں اور فیصلوں کو عدالتوں کے سامنے لانے اور طویل عدالتی لڑائی لڑنے سے کیوں پیچھے ہٹ رہے ہیں اسی کمزوری اور مایوسی کے سبب بابری مسجد کی شہادت کے بعد سے آج تک دس ہزار سے زائد مساجد اور مدارس اسلامیہ کے ساتھ ساتھ مقدس مزارات بھی زمین بوس کردیئے گئے ہیں اور ملت اسلامیہ لاچار ہوکر اپنی تباہی کا تماشا دیکھ رہی ہے پورے اتراکھنڈ میں گھروں میں قرآن مجید اور نماز پڑھنا قانونی طور سے جرم ہوگیا ہے مسلم افراد پر پتھراؤ اور حملے عام ہیں، بہار، مدھیہ پردیش، آسام، ہریانہ، دہلی اور مغربی یوپی میں جہاں جہاں مسلم افراد ہندو علاقوں کے نزدیک رہتے ہیں اور کاروبار کرتے ہیں انکو مسلسل تنگ کرنا اور مذہب کے خلاف چھینٹا کشی کرنا عام بات ہوچکی ہے سرکاری مشینری بھی ہندو شدت پسند افراد کے سامنے خاموش تماشائی بنی رہتی ہے جس وجہ سے غیر سماجی عناصر کے حوصلے روز بہ روز بڑھتے جارہے ہیں کل ملا کر مسلم آبادی کا سکھ اور چین ختم کیا جارہا ہے اتراکھنڈ ہماچل پردیش اور اترپردیش میں نماز پڑھنا اور اپنی مساجد کی حفاظت کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے پہاڑی علاقوں سے ستر ستر سالوں سے مقیم مسلم کاروباری ہندو شدت پسندی کے چلتے گھر بار چھوڑنے پر مجبور ہیں انکے کام کاج بند کردیئے گئے نماز پڑھنا آزان دینا تو پہلے ہی مشکل ہورہا تھا اب مسلم آبادی کے کاروبار کو بند کرادیا گیا ہے ہماچل اور اتراکھنڈ کے درجن بھر علاقوں میں ہندو شدت پسند افراد نے مسلم دکانوں کو بند کرنے اور نقل مکانی کرنے پر مجبور کردیا ہے

# نیٹ کے نتائج: ماں نے اپنے زیورات بیچ دئے

## باپ نے نتائج دیکھ کر ادھار لائی میٹھائی، کامیاب نوجوانوں کی کہانی




آگرہ: 18 جولائی (پی این ایس) جب ہمت مضبوط ہو اور عزم پختہ ہو تو کامیابی خود بخود آگے آتی ہے۔ NEET 2026 کے نتائج نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ ٹیلنٹ کسی بھی سہولت کی پہنچ سے باہر ہے۔ سخت محنت، عزم اور عزم کے ساتھ، مشکل ترین حالات میں بھی کامیابی کے موتی نکل سکتے ہیں۔ نیٹ میں کامیابی صرف چند طالب علموں کی فتح نہیں ہے، بلکہ کلاس چہارم کے ملازم والد کے دن رات بہائے گئے آنسوؤں اور پسینے کی کہانی ہے۔ یہ ایک ANM ماں کی فتح ہے جس نے اپنے بچوں کے خوابوں کی تعبیر کے لیے اپنی تمام کوششیں وقف کر دیں۔ یہ ایک ایسے باپ کی قابل فخر کہانی ہے جس کے جڑواں بیٹوں نے بیک وقت کامیابیاں حاصل کیں اور اس کی جدوجہد کو کارآمد بنا دیا۔ یہ کہانیاں ہمیں سکھاتی ہیں کہ حالات کتنے ہی نامساعد کیوں نہ ہوں، اگر انسان میں اٹل ایمان ہو تو کامیابی کا سورج بند کمرے میں بھی طلوع ہوسکتا ہے۔ NEET میں آل انڈیا رینک 2077 حاصل کرنے والے ارون چوہان اپنی پہلی کوشش میں کامیاب ہوگئے۔ اس سال اس نے بلونی پبلک اسکول سے 12 ویں جماعت کے امتحان میں 97.4% اسکور کر کے اپنے اسکول میں ٹاپ کیا۔ اعتماد پور تحصیل کے عثمان پور کے رہائشی، ارون کے والد ایک کسان ہیں اور ان کی والدہ اے این ایم ہیں۔ وہ ایک کمرے کے گھر میں خاندان کے پانچ افراد کے ساتھ رہتے ہیں۔ ماں نرملا دیوی نے اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے پیسے ادھار لینے اور اپنے زیورات بیچنے کے لیے یہاں تک جا کر اس آزمائش کا ذکر کیا، لیکن وہ اور اس کا بیٹا ثابت قدم رہے۔ ارون نے نیٹ کے دوبارہ امتحان کا اعلان ہونے پر محسوس ہونے والے خوف کو بیان کیا۔ اس کے بڑے بھائی اور بہن نے اسے متحرک رکھا۔ والد پرمود کمار کا کہنا ہے کہ جب ان کے پاس کوچنگ کی فیس ادا کرنے کے لیے پیسے ختم ہوگئے تو کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کے آپریٹر نے ان کے بیٹے کی محنت اور لگن کو دیکھتے ہوئے اس سے باقی فیس لینے سے انکار کر دیا۔ ایم ڈی جین انٹر کالج سے 12 ویں جماعت مکمل کرنے کے بعد، بوبی نے ایک کوچنگ انسٹی ٹیوٹ میں داخلہ لیا، لیکن ان کی انتھک کوششوں کے باوجود وہ دو کوششوں میں کامیاب نہ ہوسکے۔ اس کے والد، ونود کمار، ایک کوچنگ انسٹی ٹیوٹ میں درجہ چہارم کے ملازم ہیں جہاں طلباء میڈیکل اور انجینئرنگ کے داخلے کے امتحانات کی تیاری کرتے ہیں۔ ملازمت کے دوران ہی اس نے اپنے بیٹے کو ڈاکٹر بنانے کا خواب دیکھا۔ بوبی نے اپنی تیسری کوشش میں تقریباً ہار مان لی، لیکن اپنے والد اور انسٹی ٹیوٹ کے اساتذہ کی حوصلہ افزائی نے اسے دوبارہ تقویت بخشی۔ اس سال، بابی نے NEET میں 14520 کا رینک حاصل کیا اور ایک سرکاری میڈیکل کالج سے MBBS کرنے کا اپنا خواب پورا کیا۔ بوبی نے بتایا کہ وہ روزانہ 10 سے 12 گھنٹے مطالعہ کرتے ہیں۔ اس کے والد ونود کمار کا کہنا ہے کہ اس نے اپنے بیٹے کی کامیابی کا جشن منانے کے لیے مٹھائی خریدنے کے لیے پیسے ادھار لیے تھے۔

# عفان افضال نے نیٹ امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کر کے دیوبند کا نام روشن کیا



دیوبند، 18/جولائی (ڈاکٹر فیروز خان) نیٹ 2026 کے اعلان کردہ نتائج میں دیوبند کے ہونہار طالب علم عفان افضال نے 720 میں 581 نمبرات حاصل کر کے آل انڈیا سطح پر 17575 ویں رینک حاصل کر کے دیوبند واپنے اہل خانہ اور اپنے آبائی گاؤں شاہجہاں پور کا نام روشن کیا ہے۔ عفان افضال کی اس شاندار کامیابی پر تعلیمی شخصیات، ڈاکٹرز، پروفیسرز، اساتذہ، شہر کے سرکردہ افراد اور متعلقین نے مبارکباد پیش کی ہے اور دیوبند کے لئے اس کامیابی کو فخر کا لمحہ قرار دیا ہے۔ عفان افضال نے بتایا کہ اللہ تعالی کے فضل وکرم اور مدد نیز والدین، بہن، بھائیوں کی حوصلہ افزائی اور اساتذہ کی محنت اور خصوصی توجہ سے یہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

# چور بے خوف ہیں، گاؤں کے لوگ خوف زدہ: وزیر اعلی پورٹل پر شکایت درج

دیوبند، 18/جولائی (ڈاکٹر فیروز خان) دیوبند تحصیل کے بھاٹ کھیڑی گاؤں کی نٹ بستی مسلسل چوروں کے نشانہ پر بنی ہوئی ہے۔ گاؤں والوں کا الزام ہے کہ چوری کی مسلسل وارداتوں کے باوجود پولیس کسی بھی معاملے کو موثر طریقے سے حل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس سے لوگوں میں عدم تحفظ کا احساس مزید گہرا ہورہا ہے اور پولیس کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ناراض گاؤں والوں نے وزیر اعلی جن سنوائی پورٹل پر شکایت درج کرائی ہے اور اس معاملے میں مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ شکایت کنندگان سندر، روپا، راج کمار، بلی اور دیگر گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ تین سالوں میں بستی میں تقریباً 11 چوری کی وارداتیں ہوچکی ہیں۔ ان وارداتوں میں نقدی، زیورات، ایل ای ڈی ٹی وی سمیت لاکھوں روپے کا سامان چوری کرلیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ چور مسلسل غریب اور محنت کش خاندانوں کی زندگی کا سرمایہ لوٹ رہے ہیں لیکن پولیس محکمہ موثر کارروائی کرنے میں ناکام ہورہا ہے۔ گاؤں والوں کے مطابق 12 جولائی کو ہونے والی حالیہ چوری کے بارے میں فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی گئی تھی لیکن آج تک نہ تو اس واردات کا کوئی حل نکلا ہے اور نہ ہی مسروقہ سامان برآمد ہوا ہے۔ گاؤں کے باشندگان کا الزام ہے کہ جب پولیس کو چوری شدہ ایل ای ڈی ٹی وی کی فروخت کی کوشش کی اطلاع دی گئی تب بھی کسی کے خلاف کوئی موثر کارروائی نہیں کی گئی۔ گاؤں والوں نے اپنی شکایت میں یہ بھی الزام لگایا ہے کہ بستی کے کچھ مکینوں پر پہلے بھی چوری اور مسروقہ سامان فروخت کرنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ متعدد مقدمات میں نامزد شکایات درج کرنے کے باوجود کارروائی نہ ہونے سے ملزمان کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ مسلسل ہونے والے واقعات سے گاؤں والوں میں خوف و ہراس کا ماحول ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ اب رات کو سکون سے نہیں سو سکتے ہیں اور رات بھر جاگ کر حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کو مجبور ہیں۔ گاؤں والوں نے پولیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری کے تمام زیر التواء مقدمات کو فوری طور پر حل کیا جائے، ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور گاؤں میں باقاعدہ گشت بڑھا کر سیکورٹی نظام کو مضبوط کیا جائے۔

# اے ایم یو کی فیکلٹی رکن نے این سی ڈبلیو کے پوش بیداری پروگرام میں یونیورسٹی کی نمائندگی کی




علی گڑھ، 18 جولائی: علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (اے ایم یو) کی ادارہ جاتی شکایات کمیٹی (آئی سی سی) کی پریزائیڈنگ آفیسر پروفیسر ثمینہ خان نے وگیان بھون، نئی دہلی میں قومی کمیشن برائے خواتین (این سی ڈبلیو) کی جانب سے کام کی جگہوں پر خواتین کی جنسی ہراسانی سے متعلق قانون پوش ایکٹ پر منعقدہ بیداری و تربیتی پروگرام میں شرکت کی۔ اس میں دہلی-این سی آر خطے کے سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں اور نجی تنظیموں سے تقریباً 1200 شرکاء نے حصہ لیا۔ پروگرام کا مقصد پوش ایکٹ کے موثر نفاذ کے لیے بیداری، تعمیل اور ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنانا تھا۔ افتتاحی اجلاس سے مرکزی وزیر برائے خواتین و اطفال بہبود محترمہ اناپورنا دیوی نے خطاب کیا۔ قومی کمیشن برائے خواتین کی چیئرپرسن محترمہ وجیارا ہتکر نے بھی اظہار خیال کیا۔ تربیتی پروگرام میں ماہرین نے پوش ایکٹ کے قانونی ڈھانچے، شکایت کنندگان اور جواب دہندگان کے حقوق و ذمہ داریوں، نیز ادارہ جاتی اور مقامی کمیٹیوں کی جانب سے تحقیقات کے دوران اختیار کیے جانے والے طریقہ کار پر تکنیکی اجلاس منعقد کیے۔ اس موضوع پر ایک کتابچہ بھی جاری کیا گیا اور پروگرام کے دوران پوش تربیت کاروں کو اعزاز سے نوازا گیا۔ پروفیسر ثمینہ خان نے کہا کہ اس تربیت سے کام کی جگہوں پر موصول ہونے والی شکایات کو منصفانہ، حساس اور شفاف انداز میں نمٹانے کے لیے ابھرتے ہوئے طریق ہائے کار کے بارے میں قیمتی معلومات حاصل ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ حاصل شدہ معلومات سے یونیورسٹی میں پوش ایکٹ کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنانے اور ایک محفوظ، مساوی اور صنفی اعتبار سے حساس ماحول کو فروغ دینے کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔

# طالبہ نے ضلعی ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا

علی گڑھ، 18 جولائی: اے ایم یو گرلز اسکول کی بارہویں جماعت (آرٹس) کی طالبہ کشوی مہیشوری نے اہلیا بائی ہولکر اسٹیڈیم، رام گھاٹ روڈ، علی گڑھ میں منعقدہ ضلعی ٹیبل ٹینس ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ادارے کا نام روشن کیا۔ کشوی نے اپنے عمدہ کھیل کی بدولت انڈر-19 ٹیبل ٹینس سنگلز زمرے میں پہلا مقام حاصل کیا، جبکہ اوپن ضلعی ٹیبل ٹینس ڈبلز مقابلے میں وہ دوسرے مقام پر رہیں۔ پرنسپل محترمہ آمنہ ملک نے کشوی کو اس شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کی۔ وائس پرنسپل محترمہ الکا اگروال، اسپورٹس انچارج محمد وسیم احمد، اساتذہ شالینی چوہان، سیما زیتون اور کلاس ٹیچر بشریٰ کرمانی نے بھی انہیں مبارک باد پیش کی۔

# بنکروں کے مسائل پر غور، اہم اجلاس منعقد

## چیف سکریٹری کے سامنے بنکروں کے مسائل اور سی ایف سی سے متعلق تجاویز پیش



ٹانڈہ/امبیڈکر نگر (نامہ نگار) اتر پردیش کے چیف سکریٹری ششی پرکاش گوئل کی صدارت میں لکھنؤ میں منعقد اہم اجلاس میں بنکروں کے مسائل، او ڈی او پی (ایک ضلع، ایک مصنوعات) منصوبے اور ٹیکسٹائل صنعت کی ترقی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ٹانڈہ ٹیکسٹائل ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر محمد قاسم انصاری نے بنکروں کے مسائل، بجلی کے فکس ریٹ میں کمی اور کامن فیسلٹی سینٹر (سی ایف سی) کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق اہم تجاویز پیش کیں۔ اطلاعات کے مطابق اجلاس میں پرنسپل سکریٹری صنعت ششی بھوشن لال سشیل، سکریٹری صنعت پرانجل یادو، کمشنر و ڈائریکٹر صنعت وجیندر پانڈے، خصوصی سکریٹری اور دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ امبیڈکر نگر کی نمائندگی ٹیکسٹائل ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر اور او ڈی او پی کامن فیسلٹی سینٹر (سی ایف سی) کے ڈائریکٹر محمد قاسم انصاری نے کی۔ انہوں نے بنکروں کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنے، غریب اور درمیانے بنکروں کے لیے بجلی کے فکس ریٹ میں کمی، جدید مشینوں کی فراہمی اور سی ایف سی کے بہتر انتظام سے متعلق کئی اہم تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے بنکروں کو روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ بدلتے ہوئے بازار کے تقاضوں کے مطابق معیاری مصنوعات تیار کرسکیں۔ انہوں نے ضلع مجسٹریٹ انیشا پریا کی جانب سے سی ایف سی میں جدید الیکٹرانک جیکارڈ مشینیں نصب کرنے اور خواتین کے کپڑوں کی تیاری شروع کرنے کے منصوبے کا بھی ذکر کیا۔ چیف سکریٹری نے ضلع انتظامیہ کی اس پہل کو سراہتے ہوئے بنکروں کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی اور بجلی کے فکس ریٹ سے متعلق مطالبات پر ضروری کارروائی کا یقین دلایا۔ اجلاس میں ریاست کے 11 او ڈی او پی اضلاع کے نمائندوں نے شرکت کی۔ جس میں امبیڈکر نگر نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریاست میں پہلا مقام حاصل کیا۔ محمد قاسم انصاری نے اس کامیابی کا سہرا ضلع انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ کاوشوں کو دیا۔

# سڑک تحفظ تعلیمی پروگرام میں 500 طلبہ وطالبات نے سڑک تحفظ کا حلف لیا




فتح پور۔ بھارتی قومی شاہراہ اتھارٹی (این ایچ اے آئی) پی آئی یو کانپور کے پروجیکٹ ڈائریکٹر پنکج یادو کی ہدایت اور تروینی سنگم ہائی وے پرائیویٹ لمیٹڈ کے پروجیکٹ منیجر راکیش بھاردواج کی رہنمائی میں ہفتہ کے روز پی ایم شری کمپوزٹ ودیالیہ کٹوگھن، کھاگا میں سڑک تحفظ سے متعلق بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں تقریباً 500 طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے پُرجوش انداز میں شرکت کی۔ پروگرام کے دوران سڑک تحفظ کے ماہر اور سینئر سی ایس آر منیجر فیروز خان نے طلبہ کو سڑک تحفظ کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پابندی، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے لازمی استعمال، مقررہ رفتار کی پابندی، نشے کی حالت میں گاڑی نہ چلانے، گاڑی چلاتے وقت موبائل فون استعمال نہ کرنے اور محفوظ طریقے سے سڑک عبور کرنے کے اصولوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ سڑک تحفظ صرف ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ ہر شہری کی اخلاقی اور سماجی ذمہ داری بھی ہے۔ اگر تمام لوگ ایمانداری کے ساتھ ٹریفک قوانین کی پابندی کریں تو سڑک حادثات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ اس موقع پر اسکول کے پرنسپل ہزاری پرساد نے اپنے خطاب میں کہا کہ اگر بچوں میں ابتدائی عمر سے ہی سڑک تحفظ کے اصولوں کی تربیت دی جائے تو وہ مستقبل میں ذمہ دار شہری بنیں گے اور سڑک حادثات کی روک تھام میں اہم کردار ادا کریں گے۔ پروگرام کے اختتام پر تمام طلبہ و طالبات، اساتذہ اور موجود افراد کو سڑک تحفظ کا حلف دلایا گیا۔ اس کے ساتھ ہی "سڑک تحفظ اپنائیں، زندگی بچائیں" کا پیغام دیتے ہوئے معاشرے میں ٹریفک قوانین کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کا عزم بھی دہرایا گیا۔

# ڈاکٹر بلال فیضان کے اعزاز میں ایک خوبصورت شعری نشست کا انعقاد

امروہہ) حسن پور کے محلہ سیفیان میں لکھنو سے تشریف لائے نوجوان شاعر ڈاکٹر بلال فیضان کے اعزاز میں فراز سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ایک خوبصورت شعری نشست کا انعقاد ایک شام ڈاکٹر بلال فیضان کے عنوان سے کیا گیا جس کی صدارت جناب ڈاکٹر بلال فیضان صاحب نے کی جبکہ نظامت کے فرائض حسن پور کے پہلے صاحب دیوان شاعر سلیمان فراز نے انجام دیے۔ منتخب اشعار پیش خدمت ہیں۔ نشست کا اغاز حافظ صاحب نے نعت پاک پیش کرتے ہوئے کیا۔

اب زندگی کا بوجھ اٹھانے کی عمر ہے
یہ آسماں زمین پہ لانے کی عمر ہے
فیضان کب تو نکلے گا غفلت کے خواب سے
یہ عمر تیرے ہوش میں آنے کی عمر ہے
ڈاکٹر بلال فیضان

پریشانی بڑھاتا ہے زیادہ واسطہ ہونا
تیرا خود کے لیے اچھا نہیں سب کا بھلا ہونا
افضال گوہر

کہے زمانہ محبت جو ہو تو ایسی ہو
تعلقات میں اتنا قریب آ جاؤ
مجاہد انصاری

تم جانتے ہی کیا ہو حسد کیسا روگ ہے
کچھ نے پیمبروں کو پیمبر نہیں کہا
سلیمان فراز حسن پوری

غزل سن کر کبھی آنکھوں سے جو آنسو نکلتے تھے
وہ ماضی کے زمانے وہ سخنور یاد کرتا ہوں
اکرام رامش

تیرے ظلم و ستم کا خاتمہ ہو جائیگا اک دن
رہیگا باقی دنیا میں ترا نام و نشاں کب تک
مکرم گوہر

دل کے جذبات کو دل ہی میں دبا کر رکھنا
ہم نے سیکھا ہی نہیں سر کو جھکا کر رکھنا
نظام نشتر

اس طرح دو دلوں کا ہوا ہے ملن
جیسے گنگ و جمن اپ کے شہر میں
اظہر حسنپوری

# مہاراشٹر کے بعد کیلاش یادو کو جلال پور ہاف مرڈر کیس میں بری کر دیا گیا ہے، جس کا فیصلہ 37 سال بعد آیا ہے



امبیڈکر نگر: تقریباً 37 سال پرانے جلال پور ہاف نرڈر آدھے قتل کیس میں ایک تاریخی فیصلے میں، عدالت نے کیلاش یادو اور تین دیگر ملزمان کو بری کر دیا۔ ایک طویل سماعت کے بعد، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (ADJ-1) نے کیلاش یادو، امبیکا پرساد، اور ہیرالال کو تمام الزامات سے بری کر دیا۔ یہ مقدمہ جرم نمبر 48/89 سے متعلق ہے، جو 1989 میں جلال پور پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا تھا۔ یہ مقدمہ تعزیرات ہند کی دفعہ 147، 148، 149، اور 307 (قتل کی کوشش) کے تحت درج کیا گیا تھا۔ تقریباً چار دہائیوں پر محیط اس انتہائی متنازعہ کیس میں وکیل پون کمار یادو نے مؤثر طریقے سے دفاع کی نمائندگی کی۔ عدالت نے دستیاب شواہد کا جائزہ لینے اور فریقین کے دلائل سننے کے بعد تینوں ملزمان کو بری کرنے کا فیصلہ سنایا۔ قابل ذکر ہے کہ کیلاش یادو کو حال ہی میں مہاراشٹر میں 2006 کے انتہائی مشہور پون راجے نمبالکر قتل کیس میں عدالت سے اہم راحت ملی ہے۔ اب، 37 سالہ، بدنام زمانہ جلال پور آدھے قتل کیس میں بری ہونے کے بعد، یہ ان کی دوسری بڑی قانونی فتح سمجھی جارہی ہے۔ کیلاش یادو کے بیٹے اور سماجی کارکن شرد یادو اپنے سماجی کاموں کے لیے علاقے میں مشہور ہیں۔ وہ ہر سال ایک عظیم بین المذاہب اجتماعی شادی کی تقریب کا اہتمام کرتا ہے۔ وہ اپنی آنجہانی بیوی شردھا یادو کی یاد میں ہر سال 51 خواتین کو مفت سلائی مشینیں تقسیم کر کے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے ایک قابل ستائش پہل بھی کرتے ہیں۔ عدالت کے فیصلے سے حامیوں اور خیر خواہوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ یہ فیصلہ 37 سال سے جاری اس انتہائی متنازعہ کیس کے خاتمے کے لیے پورے خطے میں موضوع بحث بن گیا ہے۔

# موٹر سائیکل ڈیوائیڈر سے ٹکرائی ایک نوجوان جاں بحق، دوسرا شدید زخمی



دیوبند، 18/جولائی (ڈاکٹر فیروز خان) ناگل بس اسٹینڈ کے قریب دیررات سڑک حادثہ میں موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان کی موت ہوگئی اور اس کا ساتھی شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر گاڑی کو قبضے میں لے کر پنچنامہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی۔ زخمی کو سرکاری ہسپتال میں داخل کرایا گیا جہاں پر ڈاکٹروں نے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد اسے ضلع ہسپتال ریفر کر دیا۔ اطلاعات کے مطابق پہاڑ پور گاؤں کے رہنے والے پرمال سینی کا 19 سالہ بیٹا ابھیمنیو عرف منو سینی اپنے گاؤں میں واقع گھٹی کی تقریب میں شرکت کے بعد کسی کام سے اپنے دوست للا کے ساتھ ناگل آیا تھا۔ دیررات اسٹیٹ ہائی وے پر واقع بس اسٹینڈ کے قریب، ان کی بائک اچانک بے قابو ہوکر ایک ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ ابھیمنیو عرف منو نے موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ جبکہ اس کا ساتھی للا شدید زخمی ہوگیا۔ راہگیروں کی اطلاع پر پولیس اور ایمبولینس موقع پر پہنچی اور زخمیوں کو سی ایچ سی پہنچایا، جہاں پر ڈاکٹروں نے منو کو مردہ قرار دیتے ہوئے للا کو ضلع ہسپتال ریفر کردیا۔ ابھیمنیو عرف منو اپنے خاندان کا اکلوتا بیٹا تھا۔ اس کے والد پرمال سینی کی بھی تقریباً چار سال قبل بیماری کی وجہ سے موت ہوگئی تھی۔ منو کے گھر میں اس کی تین بڑی بہنیں ہیں، ایک شادی شدہ اور دو غیر شادی شدہ ہیں۔ والد کی موت کے بعد خاندان کی ذمہ داری منو کے کندھوں پر آ گئی تھی۔ وہ کھیتی باڑی اور مزدوری کر کے خاندان کی کفالت کر رہا تھا۔ واقعہ کے بعد پورے گاؤں میں سوگ کی لہر دوڑ گئی۔

# سپا ایم پی داروغا پرساد پر غریبوں کی زمین ہتھیانے کا الزام

## گاؤں والوں نے بیاں کیا درد، خودکشی کرنے کا انتباہ، سونپا میمورنڈم

اعظم گڑھ: 18 جولائی (پی این ایس) یہاں کی لال گنج تحصیل کے موہن پور پٹواس گاؤں کے لوگوں نے ڈویژنل کمشنر سے شکایت کی ہے۔ انہوں نے سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ داروغا پرساد سروج اور ان کے خاندان پر ایک عوامی تالاب اور غریب دیہاتیوں کی زمین پر غیر قانونی قبضہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔ متاثرہ گیتا سروج نے انصاف نہ ملنے پر چیف منسٹر کی رہائش گاہ کے سامنے خودکشی کی دھمکی دی۔ شکایت کنندگان نے الزام لگایا کہ گاؤں کی زمین، خسرہ نمبر 137 (7.798 ہیکٹر) تالاب کے طور پر رجسٹرڈ ہے، جس پر فارم ہاؤس بنایا گیا ہے۔ اس پر زراعت اور فش فارمنگ بھی کی جارہی ہے۔ گاؤں والوں کا دعویٰ ہے کہ اس تالاب کو پہلے مویشیوں کے نہانے، پانی پینے اور عوام کے استعمال کے لیے تھا لیکن اب اس کا استعمال بند ہوگیا ہے۔ گیتا سروج نے الزام لگایا کہ ایم پی نے تقریباً 50 بیگھہ تالاب اور آس پاس کے کئی غریب دیہاتیوں کی زمین پر قبضہ کرلیا ہے۔ فارم ہاؤس کے اردگرد بجلی کی تاریں، پانچ سے چھ بور ہول اور غیر قانونی مچھلی کاشت اور درختوں کی کٹائی کی جارہی ہے۔ ایم پی کے بیٹے منوج سروج، پرمود سروج اور پوتے ابھیشیک سروج پر شراب پینے کے بعد ہنگامہ کرنے اور دھمکیاں دینے کا الزام ہے۔ گیتا سروج کی ایک بیگھہ اراضی پر بھی قبضہ کیا گیا اور تالاب بھر گیا، انہوں نے ایس ڈی ایم اور تحصیلدار سمیت مقامی حکام سے شکایت کی، لیکن ایم پی کے اثر و رسوخ کی وجہ سے کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ ممبر پارلیمنٹ داروغا پرساد سروج نے ان الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی بھی جانچ کے لیے تیار ہیں۔ اس نے شاردا و شوکرما کے ساتھ 3.5 سے 4 بیگھہ اراضی کا معاہدہ کیا ہے۔ انتظامی حکام نے پیمائش کے دوران اس کی زمین کو جائز قرار دیا ہے۔ ایم پی نے کہا کہ اس نے ضابطے کے مطابق لالہ جی، تیواری جی اور دیگر سے زمین بھی خریدی ہے۔ ہم نے کسی کی زمین پر قبضہ نہیں کیا۔ رکن پارلیمان نے اپنے بچوں کے خلاف مار پیٹ کے الزامات کو جھوٹا قرار دیا۔ انہوں نے کھلے عام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، کمشنر اور تحصیلدار کو موقع پر جانچ کرنے کا چیلنج دیا۔ رکن پارلیمان نے کہا کہ اگر ایک انچ بھی ناجائز قبضہ پایا گیا تو وہ لاکھوں روپے جرمانہ ادا کریں گے۔

